www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | بدھ 22 اپریل 2026ء بمطابق 04 ذیقعدہ 1447ھ | شمارہ 267 | قیمت 10 روپے

پاک بحریہ کا فضا سے سطح سمندر پر مار کرنیوالے تیمور کروز میزائل کا کامیاب تجربہ

سمندر میں درست نشانہ لگانے اور آپریشنل تیاری کا عملی مظاہرہ کیا گیا‘ میزائل نے انتہائی درستگی کے ساتھ اپنے ہدف کو نشانہ بنایا

کامیاب تجربے سے پاک بحریہ کی سمندر میں طویل فاصلے پر نشاندہی کرنے اور فیصلہ کن انداز میں تباہ کرنے کی جنگی صلاحیت کی توثیق ہوتی ہے

صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان، چیف آف ڈیفنس فورسز اور سروسز چیفس کی سائنسدانوں اور انجینئرز کو اس اہم سنگِ میل کے حصول پر مبارکباد

کراچی (ویب ڈیسک) پاک بحریہ نے مقامی طور پر تیار کردہ فضا سے سطح سمندر پر مار کرنے والے کروز میزائل ’تیمور‘ کا کامیاب تجربہ کیا، جس کے ذریعے سمندر میں درست نشانہ لگانے اور آپریشنل تیاری کا عملی مظاہرہ کیا گیا۔ فضا سے سمندر پر فائر کیے گئے میزائل نے انتہائی درستگی کے ساتھ اپنے ہدف کو نشانہ بنایا۔ اس کامیاب تجربے سے پاک بحریہ کی سمندر میں طویل فاصلے پر نشاندہی کرنے اور اپنے اہداف کو کم انداز میں تباہ کرنے کی جنگی صلاحیت کی توثیق ہوتی ہے۔ پاک بحریہ کی جانب سے فضا سے سطح سمندر پر مار کرنے والے میزائل تیمور کی فائرنگ کا مظاہرہ قومی دفاعی صلاحیت میں ایک اہم اضافہ ہے، جس سے پاکستان کی مسلح افواج کی روایتی میدان میں کثیر الجہتی مربوط دفاعی تحفظ عمل اور صلاحیتوں کو مزید تقویت ..... بقیہ صفحہ 9 نمبر 30

امریکی افواج بے تاب معاہدہ نہ کیا تو ایران پر حملہ کر دیں گی: ٹرمپ

امریکا نے ایران کی قیادت اور ان کی فوجی صلاحیت کو ختم کر دیا ہے، یہ عمل دراصل ریجیم چینج کے مترادف ہے چاہے اسے کسی بھی نام سے پکارا جائے، مجھے یقین ہے ایران کے پاس معاہدہ کرنے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا ہے

ہمارے پاس بہت زیادہ اسلحہ اور وسائل موجود ہیں، بدھ کو ختم ہونے والی سیز فائر میں توسیع نہیں کرنا چاہتے، گن لوڈڈ ہیں، ایران کے ساتھ جنگ کا خاتمہ ایک عظیم ڈیل پر ہوگا، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا سی این بی سی کو انٹرویو

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جاری کشیدگی کے درمیان ایک بڑے معاہدے کی امید ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک بالآخر ایک سمجھوتے تک پہنچ جائیں گے۔ امریکی ٹی وی چینل سی این بی سی کو انٹرویو دیتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ مجھے یقین ہے ایران کے پاس معاہدہ کرنے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میرے خیال میں ہم ایک بہترین معاہدے پر پہنچ جائیں گے۔ امریکا نے ایران کی قیادت اور ان کی فوجی صلاحیت کو ختم کر دیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے مزید کہا کہ ایرانی قیادت کو کشادہ بنانے سے صورتحال ایک طرح سے ریجیم چینج کے مترادف ہے چاہے اسے کسی بھی نام سے پکارا جائے، مجھے یقین ہے ایران کے پاس معاہدہ کرنے کے سوا کوئی راستہ نہیں بچا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میرے خیال میں ہم ایک بہترین معاہدے پر پہنچ جائیں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ہمارے پاس بہت زیادہ اسلحہ اور وسائل موجود ہیں، بدھ کو ختم ہونے والی سیز فائر میں توسیع نہیں کرنا چاہتے۔ امریکی صدر نے ایران کے ساتھ جاری جنگ پر بھی بات کی اور کہا کہ ہم نے ایران کے ساتھ جنگ کا خاتمہ ایک عظیم ڈیل پر ہوگا، امریکی فوج دوبارہ جنگ کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے پاس بہت زیادہ ..... بقیہ صفحہ 9 نمبر 37

جنگ بندی 22 اپریل صبح 4 بج کر 50 منٹ پر ختم ہوگی

عطاء تارڑ

اسلام آباد مذاکرات‘ ایران نے شرکت کا تاحال کوئی جواب نہیں دیا، شامل ہونے پر آمادہ کرنے کی کوشش کر رہا

پاکستان بطور ثالث ایران کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے اور سفارت کاری و مذاکرات کے راستے پر عمل پیرا ہے

دوسرے مرحلے کے مذاکرات کے لیے کوششیں جاری ہیں پاکستان نے امن کے لیے سنجیدہ سفارتی اقدامات کیے ہیں

مذاکرات میں شرکت سے متعلق ایران کا فیصلہ انتہائی اہم قرار دیا جا رہا ہے، وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ایران کو اب تک شرکت سے متعلق کوئی جواب نہیں دیا، تاہم ہم پاکستان کی جانب سے ایران کو مذاکرات میں شرکت کے لیے مسلسل رابطے میں ہیں اور سفارت کاری و مذاکرات کے راستے پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایران کو مذاکرات میں شامل ہونے پر آمادہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے، دوسرے مرحلے کے مذاکرات کے لیے کوششیں جاری ہیں پاکستان نے امن کے لیے سنجیدہ سفارتی اقدامات کیے ہیں۔

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کو سعودی عرب سے مزید ایک ارب ڈالر موصول ہو گئے

گزشتہ ہفتے سعودی عرب نے 2 ارب ڈالر کی پہلی قسط ادا اور 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹ کی رول اوور کیے تھے

اسٹیٹ بینک اور سعودی فنڈ برائے ترقی کے درمیان باقاعدہ معاہدے پاکستان، جس پر امریکا میں دستخط کیے گئے

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کو سعودی عرب کی جانب سے مزید ایک ارب ڈالر موصول ہو گئے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے تصدیق کی ہے کہ سعودی عرب کی جانب سے 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹ کی دوسری قسط ایک ارب ڈالر پاکستان کو موصول ہو گئے ہیں۔ اس ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

ایران کو اب ایک دشمن نہیں، متعدد طاقتوں کا سامنا ہے، ایرانی صدر

تہران (ویب ڈیسک) مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران کو اب ایک نہیں بلکہ متعدد طاقتوں کا سامنا ہے، جنگ، ملکی امن سمیت حال تمام محاذوں پر درپیش ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

بانی اور بشریٰ بی بی کی رہائی تک جدوجہد جاری رہے گی، سہیل آفریدی

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے آزاد ہنوں و کشمیری پی ٹی آئی قیادت کے وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں 25 اپریل کے دھرنا آزاد کشمیر کی تیاریوں اور ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت کا 25 کروڑ ڈالر کے مزید یورو بانڈز جاری کرنے کا فیصلہ

ضرورت پڑنے پر جون سے پہلے مزید بانڈز کا اجرا بھی ہو سکتا ہے، ذرائع وزارت خزانہ

کراچی (ویب ڈیسک) حکومت نے 25 کروڑ ڈالر مالیت کے مزید یورو بانڈز جاری کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ عالمی مارکیٹ میں یورو بانڈز کی مجموعی تم ایک ارب ڈالر ہو جائے گا۔ حکام وزارت خزانہ کے مطابق ضرورت پڑنے پر جون سے پہلے مزید بانڈز کا اجرا بھی ہو سکتا ہے، بیرونی مالی ضروریات مدنظر رکھتے ہوئے مزید یورو بانڈز جاری کیے جائیں گے۔ گزشتہ دنوں پہلے 50 کروڑ اور پھر مزید 25 کروڑ ڈالر کے بانڈ جاری کیے گئے، پہلے جاری کیے گئے بانڈز کی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

آئی جی سندھ نے کاروکاری کے الزام میں خاتون کے قتل کا نوٹس لے لیا

تھانہ نئٹو مستی خان کے ایس ایچ او اسپکٹر محمد ہاشم بلوچ کو معطل کرکے جی پی کی رپورٹ کا حکم

کراچی (ویب ڈیسک) نجی پور کے علاقے نئٹو مستی میں کاروکاری کے الزام میں خاتون مسما خانزادہ جاٹ پر کلہاڑی سے قتل کے واقعے پر آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے سخت نوٹس لے لیا ہے۔ آئی جی سندھ نے واقعے کے حوالے سے غیر پیشہ ورانہ اور غیر ذمہ دارانہ رویہ کی بنا پر علاقے کے ایس ایچ او انسپکٹر محمد ہاشم بلوچ کو معطل کرکے جی پی کی رپورٹ کرنے کا حکم دیا ہے۔ ترجمان کے مطابق معطل ایس ایچ او کے خلاف محکمانہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

سابق گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کی والدہ انتقال کر گئیں

سابق گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی والدہ کافی عرصے سے علیل تھیں، اہل خانہ

کراچی (ویب ڈیسک) سابق گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کی والدہ انتقال کر گئیں۔ اطلاعات کے مطابق کامران ٹیسوری کی والدہ کافی عرصے سے علیل تھیں۔ اطلاعات کے مطابق کامران ٹیسوری کی والدہ کا کہنا ہے کہ سابق گورنر سندھ کی والدہ کی نماز جنازہ کا اعلان بعد کیا جائے گا۔ وزیر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

وزیراعلیٰ سندھ

تمام محکمے رکاوٹیں دور کرکے کام کی رفتار تیز کریں

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت وفاقی ترقیاتی پروگرام کا جائزہ اجلاس جاری 5 بڑے منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ

آئندہ سال کیلئے 3 نجوزہ منصوبوں کی اصولی منظوری دے دی گئی‘ متعدد منصوبوں پر نمایاں پیش رفت ہو چکی ہے‘ مراد علی شاہ کو بریفنگ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے یہ سرکوں کے منصوبے معیشت کی شہ رگ ہیں، انہیں پائیدار بنیادوں پر اور بروقت مکمل کیا جانا چاہیے، وزیراعلیٰ سندھ سرکوں کے انفراسٹرکچر، علاقائی روابط اور معاشی ترقی پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

وفاقی عوامی ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) 2025-26 کے تحت جاری بڑے منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور آئندہ پی ایس ڈی پی 2026-27 کے لیے تکمیل کو ترجیحی بنیادوں پر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

برسر اقتدار حکمران جعلی ہیں، علامہ راشد محمود سومرو

اگر پاکستان کا جھنڈا 10/ جہاز 10 منٹ تک نہ گرائے تو وہی جہاز پاکستان کیوں نہیں آسکتے

حکمران فارم 47 کے ذریعے اسمبلیوں میں پہنچے ہیں، رہنما جمعیت علما اسلام کے گنتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام سندھ کے سیکریٹری جنرل علامہ راشد محمود سومرو نے کہا ہے کہ ملک میں برسر اقتدار حکمران حقیقی عوامی نمائندے نہیں بلکہ جعلی ہیں اور فارم 47 کے ذریعے اسمبلیوں میں پہنچے ہیں، موجودہ حکمران عوامی مینڈیٹ کے بجائے غیر شفاف ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

ثالثی کی کوششیں سے حکمرانوں کو ملنے والا عروج عارضی ہے

فضل الرحمن

عمران خان کو رہا کر کے سیاسی کردار ادا کرنے کا موقع دینا چاہیے، ہم تحریک انصاف کے ساتھ رابطے رہے لیکن کسی نتیجے تک نہیں پہنچ سکے

موجودہ حالات عالمی جنگ کا باعث بن سکتے ہیں، اگر یہ صورتحال جاری رہی تو دوسری بڑی طاقتیں بھی جنگ کا حصہ بن جائیں گی، گفتگو

لاہور (ویب ڈیسک) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ثالثی ممالک کو سمجھنا ہوگا امریکی اڈے ان کے لیے نقصان کا باعث بنیں، حکمرانوں کو ملنے والا عروج عارضی ہے۔ کے مطابق ثالثی لاہور میں سربراہ ہے ج یو آئی مولانا فضل الرحمان کی سینئر صحافیوں اور ایڈیٹرز کے ساتھ غیر رسمی نشست ہوئی جس میں انہوں نے مشرق وسطیٰ جنگی صورتحال پر ممالک اور فلسطینی سمیت ملک کی سیاسی صورت حال پر بات کی، مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ثالثی ممالک کو سمجھنا ہوگا کہ امریکہ کے انٹیر یمران کے لئے وفاق فائدے کے بجائے نقصان کا باعث ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان ثالثی کرنے دنیا کو بہتری لانے کی ضرورت ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

کراچی: پاک بحریہ نے مقامی طور پر تیار کردہ فضا سے سطح سمندر پر مار کرنے والے کروز میزائل ’تیمور‘ کا کامیاب تجربہ کیا

شرجیل میمن

چھوٹے آبادگاروں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا

گندم کی امدادی قیمت 3,500 روپے مقرر کرنا اور خریداری کا ہدف 10 لاکھ میٹرک ٹن رکھنا حکومت کی کسان دوست پالیسیوں کا ثبوت ہے

ضلعی انتظامیہ، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران کو فیلڈ میں متحرک کیا گیا ہے تاکہ کسانوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ گندم فروخت کی حکمت عملی کے تحت اور فی ایکڑ پانچ بوری کی شرط پر 10 لاکھ میٹرک ٹن رکھنا ترین فیصلہ ہے، سندھ حکومت کے فیصلے سے چھوٹے آبادگاروں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ اپنے ایک بیان میں شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کاشتکار بغیر کسی رکاوٹ کے اپنی پیداوار سرکاری مراکز پر فروخت کر سکیں گے، گندم کی امداد کی قیمت 3,500 روپے مقرر کرنا اور خریداری کا ہدف 10 لاکھ میٹرک ٹن رکھنا حکومت کی کسان دوست پالیسیوں کا ثبوت ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ گندم خریداری مہم کو تیز کرنے اور مہم خریداری والے اضلاع میں اقدامات کی جاویں گے۔ ہدف کے حصول کو یقینی بنایا جائے گا، آبادگاروں کو ایک دن کے اندر سندھ بھر کے ڈریعے کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔ وزیراعلیٰ سندھ نے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کا سکھر کا دورہ

سکھر (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے ریڑی ریلوے اسٹیشن کی اپگریڈیشن کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ منگل کو وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے صوبائی وزیر سید ہاشم حسین شاہ کے ہمراہ سندھ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

وزیراعلیٰ سندھ کا کامران ٹیسوری کی والدہ کے انتقال پر دکھ کا اظہار

کراچی (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سابق گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

کراچی: تاجران بائی پاس پر لگائی گئی مویشی منڈی میں قربانی کیلئے لایا گیا خوبصورت جانور

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | منیجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پیشکش محمد حنیف نے آلاسکہ پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر شائع کیا۔ نمبر 42، فلور فلور، ہیڈ آفس: عبدالحق ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448 | 021-35210448
021-36450295
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ مکمل

وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب نے وفاقیوں میں بتایا کہ وفد اور ٹیم لیڈ گروپ کے موسم بہار کے اجلاسوں کے دوران عالمی مالیاتی اداروں، ترقیاتی شراکت داروں اور نجی شعبے کے نمائندوں سے اعلیٰ سطحی دوطرفہ ملاقاتیں کیں جس کا مقصد پاکستان کی معاشی ترجیحات کو آگے بڑھانا تھا اور بین الاقوامی شراکت داروں کو مضبوط بنانا تھا۔ اجلاس کے مختلف خزانہ نے ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر مسٹر فرانسس روک کے ساتھ ایک اہم ملاقات میں وزیر خزانہ نے پاکستان کے منکرو اکنامک استحکام، بین الاقوامی کیپٹل مارکیٹس میں دوبارہ رسائی اور بیرونی قرضوں کے تحمل اور مقامی قرض کی مالی حمایت کے خلاف اقدامات کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

وزیر خزانہ نے ایس ایند پی گلوبل کے نمائندگان سے بھی ملاقات کی جس میں معاشی بہتری اور عالمی مالیاتی منڈیوں میں واپسی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیر خزانہ نے بتایا کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ مکمل کرلیا ہے اور جلد اس کی بورڈ منظوری متوقع ہے جس کے بعد قرض کی اگلی قسط جاری ہوگی۔ سیٹیزر اور گنگریب نے بتایا کہ پاکستان نے اس مالی 1.4 ارب ڈالر کی یورو بانڈ کی ادائیگی بھی ادا کی گئی۔ انھوں نے سعودی عرب کی جانب سے 3 ارب ڈالر کی اضافی مالی معاونت اور 5 ارب ڈالر کے ڈپازٹ کی مدت میں 2028 تک توسیع کا بھی ذکر کیا جس سے بیرونی مالی پوزیشن مزید مضبوط ہوئی۔ محمد اورنگزیب نے خبردار کیا کہ اگر عالمی کشیدگی طویل عرصے تک برقرار رہی تو مہنگائی، برآمدات اور جمودی معاشی صورتحال متاثر ہوسکتی ہے۔ مہنگائی نے آج پہلے ہی عام آدمی کا جینا تو مشکل کردیا ہے، وزیر خزانہ حالات مزید خراب ہونے کے خدشے کا اظہار کر کے عوام سے اچھے دنوں کی امید نا امیدی میں بدل رہے ہیں۔

یہ کیسی افسوس ناک بات ہے کہ ہمارے ہاں دوست ممالک اور بیرونی اداروں سے قرض کا حصول کامیابی کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ یہ ہر صاحب ہوش و حکومت کے لئے بڑا لمحہ فکریہ ہونا چاہیے کہ ہم ماضی کی تمام حکومتیں بھی بیل بڑھاتی رہیں ہیں۔ لیکن جو قرض لیا جارہا ہے وہ کہاں گیا ہے، اس کا کوئی واضح حکمنامہ اور تفریم وار حساب کتاب کسی کے سامنے نہیں آیا۔ حالی روڈ، ایئرپورٹ، بلیک اور آئی ایم ایف جیسے ادارے کڑی شرائط پر بھاری سود پر قرض دیتے ہیں مگر ان متاعصد کے لئے قرض لیا جاتا ہے، یہ صرف ان حکمرانوں کے ایلیٹ طبقوں اور کرپشن کی نذر ہو جاتا ہے۔ ایک پروگرام پر اتفاق ہوتا ہے، وزیر خزانہ نے جواب دہ کہ کرپشن اور بدانتظامی کے خاتمے کے لیے ایکشن پلان جاری کردیا گیا ہے جبکہ گورننس کے نظام میں بہتری کے لیے متعدد کمیٹیاں تشکیل دینے کی بھی اطلاعات ہیں۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ ہمارے ملک میں کرپشن اور بے ضابطگیوں کے باعث امیر مزید امیر ہوتے جارہے ہیں جبکہ غریب کی کمر سے پیچھے لگ جانے والی مہنگائی سرکش بے لگام ہے جبکہ ہر گزرتے دن کے ساتھ یہ مشکل بڑھتی جارہی ہے۔ اقتصادیات اور اقتدار جہاں ہمکنار ہیں، وہیں قرض کا سراب بھی گہرا ہوتا جارہا ہے۔ جن قرضوں کی واپسی کا نہ کوئی وعدہ ہے نہ کوئی ارادہ، وہ قرض کا سراب ہی کہلائے گا۔ ☆

فاصلوں کی حرمت اور قربت کا تقاضا

انسانی تہذیب کا ارتقائی سفر درحقیقت فرد کی انفرادی ذات کی بقا اور اجتماعی وجود کی فطری کشمکش کے درمیان توازن کی ایک انتھک اور ابھوری جستجو کا نام ہے۔ انسان اپنی جبلت میں ایک ایسا سماجر ہے جو تنہائی کے بیابان کے تصور سے لرز اٹھتا ہے، لیکن وہ اسی وقت بے چین ہوتی قربت کی گھٹن اسے ایک ایسی قوت محسوس ہوتی ہے جو اس کی انفرادیت کے جوہر کو ماند کر دیتی ہے۔ ہمارے عصری ماحول میں، جہاں دیواریں پختہ ہوگئی ہیں اور مکانات ایک دوسرے میں پیوست ہیں، لیکن دلوں کے درمیان بیگانگی کے صحرا صدیوں تک پھیلے ہوئے ہے، تعلقات کا یہ تضاد ایک ناسور بن کر ابھرا ہے۔ اس تضاد کی جڑوں کو سمجھنے کے لیے آج کل سوشل میڈیا کی راہداریوں پر نگاہ ڈالنا ہی کافی ہے۔ ہم ایک ایسی ڈیجیٹل گلیڈی گرفٹ کی تشکیل کر رہے ہیں جو بظاہر تو ہمیں ایک بے پناہ ہجوم کے ساتھ جوڑ رہی ہے، مگر درحقیقت ہر ایک سے کاٹ رہی ہے۔ یہ ایک ایسی بھیڑ ہے جو ہر ایک کو اس کی انفرادیت سے محروم کر کے ایک بے چہرہ اکائی میں ڈھال رہی ہے۔ ہم ہر وقت ہر جگہ موجود ہیں، لیکن کہیں بھی نہیں ہیں، ہم ہر وقت بولتے ہیں، لیکن کچھ کہتے نہیں ہیں، ہم ہر وقت ایک دوسرے کے سامنے ہیں، لیکن ایک دوسرے کے لیے اجنبی ہیں۔ اور یہ بظاہر متضاد سے دکھائی دینے والے رویے ایک ہی سکے کے دو پہلو ہیں، جو ہمیں ایک ایسے دوراہے پر لے آئے ہیں جہاں ہر راستہ بند گلی کی طرف جاتا ہے۔

اس المیے کی جڑ کو سمجھنے کے لیے ہمیں ایک بار پھر اس بات کی طرف لوٹنا ہوگا کہ انسان کی فطرت میں قربت کی خواہش کتنی گہری ہے۔ ہم ایک ایسی مخلوق ہیں جو اپنی شناخت کو دوسروں کی آنکھوں میں دیکھ کر پاتی ہے۔ ہم ایک ایسی مخلوق ہیں جو اپنی تنہائی کو دوسروں کی موجودگی سے ہی ختم کر سکتی ہے۔ لیکن جب یہ قربت ایک حد سے بڑھ جاتی ہے، تو یہ ہمیں ایک ایسی گھٹن میں مبتلا کر دیتی ہے جو ہمارے ہی وجود کو ختم کرنے لگتی ہے۔ یہ ایک ایسا نازک توازن ہے جو ہر لمحہ ہمارے اندر قائم ہوتا ہے اور ہر لمحہ ٹوٹتا ہے۔ اس توازن کو سمجھنے کے لیے ہمیں ایک ایسی مخلوق کی طرف دیکھنا ہوگا جو اس کی سب سے بڑی مثال ہے، اور وہ ہے ہمارا خدا۔ خدا کی ذات ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ قربت کا اصل مطلب کیا ہے۔ خدا ہمارے بہت قریب ہے، اتنا قریب کہ ہماری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے، لیکن وہ ہمارے وجود کو اپنے اندر ضم نہیں کرتا۔ وہ ہمیں اپنی ذات سے الگ رکھتا ہے، تاکہ ہم اپنی انفرادیت کو برقرار رکھ سکیں۔ وہ ہمیں اپنی محبت دیتا ہے، لیکن ہماری آزادی کو نہیں چھینتا۔ وہ ہمیں اپنی رحمت سے نوازتا ہے، لیکن ہمارے اختیار کو نہیں روکتا۔ یہ ایک ایسا توازن ہے جو ہمیں ایک ایسی مثال فراہم کرتا ہے جس کی ہمیں اپنے رشتوں میں ضرورت ہے۔

ہمارے رشتوں کی ناکامی کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم نے اس توازن کو کھو دیا ہے۔ ہم یا تو ایک دوسرے کے اتنے قریب ہو جاتے ہیں کہ ایک دوسرے کی سانس بھی بوجھ لگنے لگتی ہے، یا اتنے دور چلے جاتے ہیں کہ ایک دوسرے کی آواز بھی سنائی نہیں دیتی۔ ہم یا تو ایک دوسرے کو مکمل طور پر اپنے اندر سمو لینا چاہتے ہیں، یا پھر ایک دوسرے سے اتنا فاصلہ رکھتے ہیں کہ وہ ایک اجنبی بن جاتا ہے۔ ہم یا تو ایک دوسرے کی ہر سانس پر نظر رکھتے ہیں، یا پھر ایک دوسرے کی موجودگی کو بھی محسوس نہیں کرتے۔ یہ دونوں رویے ایک ہی بیماری کی دو مختلف شکلیں ہیں، اور یہ بیماری ہے عدم توازن کی۔

اس المیے کی جڑ میں ایک اور بڑی وجہ ہے، اور وہ ہے ہمارا خدا سے دور ہو جانا۔ جب ہم خدا کو بھول جاتے ہیں، تو ہم اپنے اندر ایک ایسا خلا پیدا کر لیتے ہیں جسے ہم دوسرے انسانوں سے بھرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم ایک ایسی مخلوق سے محبت کرنے لگتے ہیں جو خود اپنے اندر ایک خلا لیے ہوئے ہے، اور یہ خلا کبھی بھی پورا نہیں ہو سکتا۔ ہم ایک ایسی مخلوق سے توقعات کرنے لگتے ہیں جو خود اپنی ذات کی تکمیل کی تلاش میں ہے۔ ہم ایک ایسی مخلوق سے امیدیں باندھ لیتے ہیں جو خود اپنی ذات کے زخموں کو بھر نہیں سکتی۔ اور جب یہ توقعات پوری نہیں ہوتیں، تو ہم ایک دوسرے کو مجرم ٹھہرانے لگتے ہیں، ایک دوسرے کو الزام دینے لگتے ہیں، اور ایک دوسرے سے دور ہونے لگتے ہیں۔ یہ ایک ایسا دائرہ ہے جو ہمیں کبھی بھی سکون نہیں دیتا، کیونکہ ہم اس دائرے کے مرکز کو نہیں پہچانتے، جو خدا ہے۔

اس المیے کی ایک اور بڑی وجہ ہے ہمارا خوف۔ ہم ایک ایسے خوف کے اسیر ہو چکے ہیں جو ہمیں ہر لمحہ اپنے گھیرے میں لیے ہوئے ہے۔ ہم خوف کے اس قدر عادی ہو چکے ہیں کہ اب ہمیں اس کا احساس تک نہیں ہوتا۔ ہم خوف کے اس قدر عادی ہو چکے ہیں کہ اب ہمیں اس کے بغیر زندگی ادھوری لگتی ہے۔ ہم خوف کے اس قدر عادی ہو چکے ہیں کہ اب ہمیں اس کے بغیر سکون نہیں ملتا۔ ہم خوف کے اس قدر عادی ہو چکے ہیں کہ اب ہمیں اس کے بغیر جینا مشکل لگتا ہے۔ یہ خوف ہمیں ایک ایسی دنیا میں لے آیا ہے جہاں ہر شخص ایک دشمن ہے، ہر چہرہ ایک خطرہ ہے، اور ہر لمحہ ایک ممکنہ حملہ ہے۔ یہ خوف ہمیں ایک ایسی دنیا میں لے آیا ہے جہاں ہم ہر لمحہ اپنے دفاع میں مصروف ہیں، لیکن ہم یہ نہیں جانتے کہ ہم کس سے اپنا دفاع کر رہے ہیں۔ ہم ایک ایسی دنیا میں لے آیا ہے جہاں ہم ہر لمحہ اپنے دفاع میں مصروف ہیں، لیکن ہم یہ نہیں جانتے کہ ہم کس سے اپنا دفاع کر رہے ہیں۔

اس المیے کی جڑ میں ایک اور بڑی وجہ ہے ہمارا خدا سے دور ہو جانا۔ جب ہم خدا کو بھول جاتے ہیں، تو ہم اپنے اندر ایک ایسا خلا پیدا کر لیتے ہیں جسے ہم دوسرے انسانوں سے بھرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہم ایک ایسی مخلوق سے توقعات کرنے لگتے ہیں جو خود اپنے اندر ایک خلا لیے ہوئے ہے، اور یہ خلا کبھی بھی پورا نہیں ہو سکتا۔ ہم ایک ایسی مخلوق سے امیدیں باندھ لیتے ہیں جو خود اپنی ذات کے زخموں کو بھر نہیں سکتی۔ اور جب یہ توقعات پوری نہیں ہوتیں، تو ہم ایک دوسرے کو مجرم ٹھہرانے لگتے ہیں، ایک دوسرے کو الزام دینے لگتے ہیں، اور ایک دوسرے سے دور ہونے لگتے ہیں۔ یہ ایک ایسا دائرہ ہے جو ہمیں کبھی بھی سکون نہیں دیتا، کیونکہ ہم اس دائرے کے مرکز کو نہیں پہچانتے، جو خدا ہے۔

اس المیے کی جڑ میں ایک اور بڑی وجہ ہے ہمارا خوف۔ ہم ایک ایسے خوف کے اسیر ہو چکے ہیں جو ہمیں ہر لمحہ اپنے گھیرے میں لیے ہوئے ہے۔ ہم خوف کے اس قدر عادی ہو چکے ہیں کہ اب ہمیں اس کا احساس تک نہیں ہوتا۔ ہم خوف کے اس قدر عادی ہو چکے ہیں کہ اب ہمیں اس کے بغیر سکون نہیں ملتا۔ ہم خوف کے اس قدر عادی ہو چکے ہیں کہ اب ہمیں اس کے بغیر جینا مشکل لگتا ہے۔ یہ خوف ہمیں ایک ایسی دنیا میں لے آیا ہے جہاں ہر شخص ایک دشمن ہے، ہر چہرہ ایک خطرہ ہے، اور ہر لمحہ ایک ممکنہ حملہ ہے۔ یہ خوف ہمیں ایک ایسی دنیا میں لے آیا ہے جہاں ہم ہر لمحہ اپنے دفاع میں مصروف ہیں، لیکن ہم یہ نہیں جانتے کہ ہم کس سے اپنا دفاع کر رہے ہیں۔ ہم ایک ایسی دنیا میں لے آیا ہے جہاں ہم ہر لمحہ اپنے دفاع میں مصروف ہیں، لیکن ہم یہ نہیں جانتے کہ ہم کس سے اپنا دفاع کر رہے ہیں۔

اس المیے کا حل کیا ہے؟ یہ سوال ہم سب کے سامنے ہے، لیکن اس کا جواب کسی کتاب میں نہیں لکھا ہوا۔ اس کا جواب ہمیں خود تلاش کرنا ہوگا۔ ہمیں اپنے اندر اس توازن کو دوبارہ پیدا کرنا ہوگا جو ہمارے خالق نے ہمارے اندر رکھا ہے۔ ہمیں اپنے اندر اس قربت کو دوبارہ جگانا ہوگا جو ہمیں ایک دوسرے سے جوڑتی ہے، لیکن ہمیں اپنے اندر اس فاصلے کو بھی برقرار رکھنا ہوگا جو ہمیں ایک دوسرے کی عزت کرنا سکھاتا ہے۔ ہمیں اپنے اندر اس خوف کو ختم کرنا ہوگا جو ہمیں ایک دوسرے سے دور کرتا ہے، لیکن ہمیں اپنے اندر اس محبت کو بھی زندہ رکھنا ہوگا جو ہمیں ایک دوسرے کے قریب لاتی ہے۔ یہ ایک ایسا توازن ہے جو ہمیں ایک ایسی دنیا میں لے جا سکتا ہے جہاں ہر شخص ایک دشمن نہیں، بلکہ ایک ایسا ساتھی ہے جو ہمیں ہمارے خالق کے قریب لے جاتا ہے۔ ایک ایسی دنیا میں لے جا سکتا ہے جہاں ہر شخص ایک خطرہ نہیں، بلکہ ایک ایسا ساتھی ہے جو ہمیں ہمارے خالق کے قریب لے جاتا ہے۔

شیخ عبدالرشید

سرحد پار سہولت کاری اور بلوچستان کے سیکیورٹی چیلنجز

شہید ماہ رنگ بلوچ کی ہمشیرہ ماہ رنگ بلوچ نے پی ٹی ایم کی سربراہ محسن داوڑ اور دیگر کارکنوں کے ہمراہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ لگایا ہوا ہے۔ ماہ رنگ بلوچ کا کہنا ہے کہ ان کے بھائی شہید ہوئے، ان کی والدہ کو بھی شہید کیا گیا، ان کے گھر کو جلایا گیا، ان کے خاندان کے دیگر افراد کو بھی شہید کیا گیا، ان کے گھر کو بھی

بقیہ نمبر 01

ملاقوں میں سرکم زور ہے اور ہاں روابط کے شواہد ملے ہیں۔ کراچی میں ظہران کے خلاف دہشتگردی کے مقدمات درج کرلے گئے ہیں اور مزید تحقیقات جاری ہے۔ ڈی آئی جی ٹریفک کا کہنا تھا کہ کراچی میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے 2 کروڑ 60 لاکھ چالان کیے گئے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 1 کروڑ 20 لاکھ موٹر سائیکل سواروں کے چالان کیے گئے ہیں، 1 کروڑ 40 لاکھ چالان کار سوار افراد کے کیے گئے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 1 لاکھ 20 ہزار گاڑیاں بند کی گئی ہیں، 1 لاکھ 20 ہزار گاڑیوں کے چالان

کراچی کے مختلف ٹاؤنز میں مبینہ مالی بے ضابطگیاں

نیب نے کارروائی کا آغاز کردیا

پیشرفت کے بعد بلدیاتی اداروں میں بے چینی کی فضا پیدا ہوگئی ہے جبکہ متعدد افسران اور متعلقہ افراد کی مشکلات میں اضافے کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے

تفتیشی ٹیموں نے مختلف ٹاؤن دفاتر، میونسپل کارپوریشنز سے ٹھیکوں، مالی ادائیگیوں اور ترقیاتی اسکیموں سے متعلق اہم دستاویزات حاصل کرنا شروع کردی ہیں، ذرائع

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد کے مختلف ٹاؤنز میں مبینہ اربوں روپے کی مالی بے ضابطگیوں اور ترقیاتی منصوبوں میں کرپشن کے الزامات کے بعد قومی احتساب بیورو (نیب) نے بڑے پیمانے پر کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نیب کی جانب سے ڈائریکٹر جنرل کی ہدایات پر ایک کے مطابق اس ٹیم نے رفت کے بعد بلدیاتی اداروں میں بے چینی کی فضا پیدا ہوگئی ہے جبکہ متعدد افسران اور متعلقہ افراد کی مشکلات میں اضافے کا امکان ظاہر کیا جارہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نیب کی جانب سے ڈائریکٹر جنرل کی ہدایات پر ایک کھول دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں تفتیشی ٹیموں نے مختلف ٹاؤن دفاتر، میونسپل کارپوریشنز اور متعلقہ سرکاری محکموں سے ٹھیکوں، مالی ادائیگیوں اور ترقیاتی اسکیموں سے متعلق اہم دستاویزات حاصل کرنا شروع کردی ہیں۔ ذرائع کراچی کے مختلف ٹاؤنز میں عمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا ریکارڈ دوبارہ مطابق سرکاری افسران کی بھرتی، پارکس کی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

وفاقی وزیر جام کمال خان سے کاروباری وفد کی ملاقات

برآمدات بڑھانے کے لیے ای کامرس اور اسکلز ڈیولپمنٹ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے معروف بزنس مین محمد صدیق کی قیادت میں کاروباری وفد نے منگل کے روز ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں برآمدات بڑھانے کے لیے ای کامرس اور اسکلز ڈیولپمنٹ پر اتفاق رائے پایا گیا۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے تجارت و سیاحت بلوچستان ثوبزادہ میر محمد زرین خان لغاری نے بھی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

بانی پی ٹی آئی سے اہلِ خانہ اور وکلا کی ملاقات بھی کروائی، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (ویب ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی رہائی کے لیے توشہ خانہ کیس جاری ہے۔ راولپنڈی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

کراچی سے لاہور جانیوالی کوچ پر کنڈیارو کے قریب پتھراؤ

بس ڈرائیور اور موٹر سائیکل سواروں میں تکرار ہوئی تھی جس کے بعد کوچ پر حملہ کیا، پولیس

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی سے لاہور جانے والی مسافر کوچ پر کنڈیارو کے قریب نامعلوم افراد نے پتھراؤ کردیا۔ اس واقعے میں خواتین اور موٹر سائیکل سواروں سمیت 10 مسافر زخمی ہوگئے جبکہ ملزمان فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بس ڈرائیور اور موٹر سائیکل سواروں میں تکرار ہوئی تھی جس کے بعد ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

سی ٹی ڈی کی کارروائی کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والے متعدد افراد گرفتار

پشاور میں گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور حساس مواد برآمد ہونے کی بھی تصدیق، نیٹ ورک کے باہمی روابط کے شواہد ملے

ملزمان کے خلاف دہشتگردی کے مقدمات درج کرلیے گئے، کارروائیاں جاری رہیں گی اور مزید گرفتاریوں کا امکان

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی میں کاؤنٹر انٹیلی جنس ڈیپارٹمنٹ نے کارروائی کرتے ہوئے کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والے متعدد افراد کو گرفتار کرلیا۔ حکام کے مطابق انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران نیٹ ورک کے اہم سہولت کاروں کو حراست میں لیا گیا۔ پیش رفت میں گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ اور حساس مواد برآمد ہونے کی بھی تصدیق کی گئی ہے، جبکہ نیٹ ورک کے مختلف ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائرمپ چینش کے وفد کا چین کا دورہ

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائرمپ چینش ایسوسی ایشن (پی ڈی ایم اے) اور چائنا کونسل فار دی پروموشن آف انٹرنیشنل ٹریڈ (سی سی پی آئی ٹی) کے شعبے کی جانب سے انٹرنیشنل 2026 ٹرائل کے موقع پر مذاکرتی ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

کراچی کے سرکاری کالج میں درخت کاٹ کر لکڑیاں فروخت کردی گئیں

کالج انتظامیہ کا واقعے سے لاعلمی کا اظہار، تحقیقات کیلئے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دے دی گئی

کراچی (ویب ڈیسک) جامعہ کراچی سے متصل سہولی محمد کالج ایجوکیشن کے زیر انتظام گورنمنٹ ڈگری بوائز کالج گلستان جوہر میں درختوں کی کٹائی اور اس کی لکڑی کی مبینہ فروخت کا معاملہ سامنے آیا۔ جوہر ڈگری کالج میں گے درختوں کی کٹائی اور لکڑی کی فروخت کے معاملے پر کالج انتظامیہ نے لاعلمی کا اظہار کیا جس کے بعد پرنسپل ڈائریکٹوریٹ کالج کی جانب سے اس معاملے پر ایک سہ رکنی تکنیکل فائنڈنگ کمیٹی "تشکیل دے دی گئی ہے۔ تکنیکل فائنڈنگ کمیٹی ..... بقیہ صفحہ 2 نمبر 3

سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت کم ہوگئی

کراچی (ویب ڈیسک) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمتیں کم ہوگئیں، میں الاقوامی مارکیٹ میں منگل کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 10 ڈالر کی کمی ریکارڈ ہوئی، جس کے نتیجے میں فی عالمی قیمت 4 ہزار ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

ایئرپورٹ حملہ کیس، پراسیکیوشن نے گواہ واپس لے لیا

ہم گواہ کا بیان ریکارڈ نہیں کرانا چاہتے، لہٰذا گواہ کا نام فہرست سے نکال دیا جائے، پراسیکیوٹر کا مؤقف

کراچی (ویب ڈیسک) انسداد دہشتگردی کی عدالت میں ایئرپورٹ حملہ کیس کی سماعت ہوئی۔ جیل حکام نے طرفین گواہ دوران پراسیکیوشن نے گواہ کا نام واپس لیتے ہوئے مؤقف دیا کہ ہم گواہ کا بیان ریکارڈ نہیں کرانا چاہتے، لہٰذا گواہ کا نام فہرست سے نکال دیا جائے۔ منگل ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

ایف آئی اے کراچی کی کارروائی، کمپنی مالک گرفتار

یہ کارروائی ایم ایس بلوٹیک الیکٹرک پرائیویٹ لمیٹڈ کی شکایت پر عمل میں لائی گئی ہے

کراچی (ویب ڈیسک) کمپنی رائٹ کی خلاف ورزی پر وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) کی جانب سے کریک ڈاؤن کے دوران ملزم کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق وفاقی تحقیقاتی ایجنسی ایف آئی اے کے کراچی زون کے کارپوریٹ کرائم سرکل نے کاپی رائٹ کی خلاف ورزی پر کارروائی کرتے ہوئے مبینہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کیا، یہ کارروائی ایم ایس بلوٹیک الیکٹرک پرائیویٹ لمیٹڈ کی شکایت پر عمل میں لائی گئی ہے۔ حکام نے کہا کہ چھاپہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

آئی ایم ایف شرائط، نئے مالی سال کا وفاقی بجٹ بنانے کی تیاریاں تیز

آئندہ مالی سال تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دینے، بی آئی ایس پی کے وظیفے میں 5 ہزار روپے اضافے سمیت دیگر تجاویز زیر غور

مختلف شعبوں کو حاصل ٹیکس اور سیلز ٹیکس چھوٹ ختم کرنے کی تجاویز زیر غور، خصوصی اقتصادی زونز سمیت نئی ٹیکس چھوٹ یا استثنیٰ نہیں دیا جائیگا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) آئندہ مالی سال 2026-27 کے وفاقی بجٹ کی تیاریاں تیز کردی گئی ہیں اور بجٹ تجاویز کو حتمی شکل دینے کے لیے جائزہ لیا جارہا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آئندہ مالی سال کا وفاقی بجٹ جون کے پہلے ہفتے میں پیش کیا جائے گا، جس کے لیے حکومت کی جانب سے بجٹ سازی آئی ایم ایف کی شرائط کے مطابق کی جا رہی ہے۔ ذرائع نے بتایا ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

وزیر داخلہ سندھ کی ڈاکو کی گرفتاری پر ایس ایس پی جیکب آباد کی ستائش

کراچی (ویب ڈیسک) وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے جیکب آباد پولیس کی جانب سے ہندو زنبار اور اقلیتی مطلب ڈاکو کی گرفتاری پر ایس ایس پی جیکب آباد اور ان کی ٹیم کو شاباش الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیر ..... بقیہ صفحہ 24

آغا خان یونیورسٹی میں میڈیا بلیو الرٹ، کراچی کے میئر کو دورے کے تحفظ کی فوری ضرورت پر زور

کراچی (ویب ڈیسک) 2026 سے قبل، آغا خان یونیورسٹی ایک میڈیا بلیو الرٹ کیل کا انعقاد کیا جس میں صحافیوں، ماحولیاتی ماہرین اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اس اجلاس کا مقصد موسمیاتی تبدیلی کے سائل ماحولیاتی نظام پر پڑنے والے اثرات، خطرات، ..... بقیہ صفحہ 33

وزیر اعلیٰ سندھ کی تیموریز لانچ فروز میزائل کے کامیاب تجربے پر پاک بحریہ اور دفاعی اداروں کو دلی مبارکباد

کراچی (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے پاک بحریہ کی جانب سے تیموریز لانچ ایبل کروز میزائل کے کامیاب تجربے پر پاک بحریہ اور دفاعی اداروں کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے اس کامیاب تجربے کو قومی وقار میں ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس پیش رفت نے پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کو نئی جہت دی ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے اپنے بیان میں کہا کہ ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

وزیر داخلہ سندھ کے ڈکیتی مزاحمت پر شہری کے قتل کا نوٹس

کراچی (ویب ڈیسک) شاہراہ فیصل پر دوران ڈکیتی مزاحمت کے دوران شہری کے قتل کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے، جس پر وزیر داخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے فوری نوٹس لے لیا ہے۔ وزیر داخلہ سندھ نے واقعے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ایس ایس پی ایسٹ سے فوری طور پر مکمل تفصیلات طلب کی ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی ہے کہ واقعے میں ملوث تمام افراد کو گرفتار کیا جائے۔ ..... بقیہ صفحہ 40

نیو کراچی میں بھتہ نہ دینے پر صنعتکار پر فائرنگ، فرزند علی شدید زخمی

کراچی (ویب ڈیسک) نیو کراچی میں بھتہ نہ دینے پر صنعتکار کو فائرنگ کرکے زخمی کردیا گیا، تاجروں نے اہل کی ہے کہ حکومت فائرنگ واقعے کا فوری نوٹس لے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے نیو ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی (آج) یوم ارض منایا جائے گا

منگریو (ویب ڈیسک) دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی آج 22 اپریل کو یوم ارض منایا جارہا ہے، جس کا مقصد زمین کو درپیش ماحولیاتی خطرات، موسمیاتی تبدیلی اور قدرتی وسائل کے تیزی سے زوال کے خلاف عالمی سطح پر موثر تجویز مؤثر اقدامات کرنا ہے۔ اس سال یوم ارض ایک ایسے موڑ پر منایا جارہا ہے جب عالمی درجہ حرارت صنعتی دور سے اب تک تقریباً 1.1 سے ..... بقیہ صفحہ 42

وزیر اعظم، فیلڈ مارشل نے پاکستان کی عزت بڑھانے کیلئے تاریخی کام کیا، نواز شریف

کابینہ، پشتون (ویب ڈیسک) اسلم لیگ ن اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان کی عزت

کے صدر و سابق وزیر اعظم نواز شریف نے کہا کہ یہ اعزاز پاکستان کی آن لائن تعلیم اور ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے تاریخی کام کیا، کابینہ، پشتون پارلیمانی وزیر اعظم شہباز شریف، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور اعلیٰ سطح اجلاس ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

غیر قانونی ادویات کی آن لائن فروخت اور تشہیر پر نوٹس

پی ٹی اے سے متعلقہ ویب سائٹس اور سوشل میڈیا پیجز بلاک کرنے کی درخواست

کراچی (ویب ڈیسک) ملک میں غیر قانونی ادویات کی آن لائن فروخت اور تشہیر کے ذریعے سخت نوٹس لے لیا۔ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) نے ادویات کی آن لائن پلیٹ فارمز کی غیر قانونی فروخت کا سخت نوٹس لیتے ہوئے پاکستان ..... بقیہ صفحہ 9

کراچی ریڈ کراس کے زیر اہتمام ایئر شو کا آغاز

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی ریڈ کراس کے زیر اہتمام ایئر شو کا آغاز ہوگیا۔ ایئر شو کا مقصد نوجوانوں میں ہوا بازی کے شعبے کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ ایئر شو کے پہلے روز ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

کراچی، گورنر سندھ کا عمران نسیموری سے آئی جی سندھ سے ملاقات کررہے ہیں

میر پور خاص، تعلیمی بورڈ کی ڈگری کی احتجاجی مارچ کا دوردہ کررہے ہیں

اگر واقعی جنت میں جانا ہے تو انسان کو دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنی چاہئیں، ریما خان

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان کی معروف اداکارہ ریما خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے بچپن میں ہونے والے ایک ایوارڈ شو کے دوران بلائنڈ لیس پہننے سے انکار کر دیا تھا کیونکہ وہ وہاں پاکستان کی نمائندگی کر رہی تھیں۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے ریما خان کا کہنا تھا کہ وہ اپنے لباس اور گفتگو پر خاص توجہ دیتی ہیں اور ..... بقیہ صفحہ 19

اقبال مارکیٹ پولیس کی کارروائی، 5 ملزمان گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس نے تھانہ اقبال مارکیٹ ادوگی ٹاؤن کے علاقے سیکٹر 12/13 میں کارروائی کرتے ہوئے گٹکا اور قرشی میں ملوث 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ..... بقیہ صفحہ 21

ڈاکٹر سارنگ کو قتل کرنے والے سفاک ملزمان کا تاحال پتہ نہ لگ سکا

کراچی (ویب ڈیسک) ڈاکٹر سارنگ کو قتل کرنے والے سفاک ملزمان کا تاحال پتہ نہ لگ سکا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے متعلقہ کے بھائی کی جانب سے مقدمہ درج کرایا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کے علاقے داؤد پوتہ ..... بقیہ صفحہ 20

سندھ حکومت ہر محاذ پر ناکام ہوچکی، عوام ریلیف سے محروم ہیں، حلیم عادل شیخ

وزیر اعلیٰ ہاؤس کا ایک ارب 34 کروڑ روپے کا بھاری بجٹ عوام دشمن اور اشرافیہ نواز ہے

کراچی (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کراچی میں پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ ہر سال بجٹ میں اربوں روپے کی بے ضابطگیوں پر شدید ردعمل سامنے آتا ہے مگر حکومت کا رویہ جوں کا توں ہے۔ سندھ حکومت ہر محاذ پر ناکام ہوچکی ہے ..... بقیہ صفحہ 15

کوشش ہوگی کہ باقی دو میچز میں اچھا کھیل کر پلے آف میں جگہ پکی کریں، سہیل تنویر

آئندہ 24 سے 36 گھنٹوں میں دنیا ایک بڑی خوشخبری سنے گی، ناصر شاہ

فیلڈ مارشل نے مذاکرات کے دوسرے دور کو یقینی بنانے کے لیے غیر معمولی کوششیں کی ہیں، وزیر بلدیات سندھ کی میڈیا سے بات چیت

پاکستان نے خطے کو ایک بڑی جنگ سے بچانے کے لیے جرات مندانہ قدم اٹھایا ہے، آج دنیا پاکستان کی شکر گزار ہے، صوبائی وزیر

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر و صوبائی وزیر بلدیات ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ آئندہ 24 سے 36 گھنٹوں میں دنیا ایک بڑی خوشخبری سنے گی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے ایران اور امریکہ کے درمیان اسلام آباد میں ہونے والے مذاکرات کے دوسرے دور کو یقینی بنانے کے لیے غیر معمولی کوششیں کی ہیں، وزیر بلدیات سندھ کی میڈیا سے بات چیت پاکستان نے خطے کو ایک بڑی جنگ سے بچانے کے لیے جرات مندانہ قدم اٹھایا ہے، آج دنیا پاکستان کی شکر گزار ہے، صوبائی وزیر